پوزیشن حاصل کرنے والوں کے نام بالترتیب یہ ہیں: مولوی بخت محمد۔مولوی ساجد علی۔مولوی محمد افضل ،مولوی عبدالغفور شیرانی ،مولوی عبداللہ،مولوی رحیم اللہ۔

مولانا محمد اکرم ہمدانی کی دارالعلوم آمد:

جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما ومعروف عالم دین وخطیب حضرت مولانا محمد اکرم ہمدانی دارالعلوم تشریف لائے اور حضرت مہتمم صاحب سے جماعتی اور دیگر اہم مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔مولانا دارالعلوم حقانیہ اور قائد جمعیت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے دیرینہ اخلاص ومحبت کا تعلق رکھتے ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کی زندگی وصحت میں برکت ڈالے۔

(بقیہ صفحہ نمبر ۵۶ سے)

(۴) بعض لوگوں میں پیاز کھانے سے دردشقیقہ اور اپارہ (ریاح) کی شکایت بھی ہوتی ہے۔(Sify com)

"اسلام کا نظام اکل وشرب میں پیاز کے مضر اثرات کے بارے میں حضرت شیخ صاحب فرماتے ہیں:

"اس کے ساتھ بعض نقصانات بھی اس (پیاز) میں پائے جاتے ہیں مثلاً زیادہ استعمال سے حافظہ کمزور ہوکر نسیان پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے۔منہ کا مزہ خراب ہوتا ہے اس میں بد بو پیدا کرتی ہے ریاح کا سبب بنتا ہے، اگر پکا کر استعمال کی جائے تو یہ مضر اثر ات ختم ہو جاتے ہیں۔اور معدہ کی بیماریوں میں مفید ہوتا ہے۔ (اسلام کا نظام اکل وشرب اور فلسفہ حلال وحرام)

مراجع ومصادر

(۱) ترجمان القرآن، ابوالکلام آزاد
(۲) تفسیر ماجدی، عبدالماجد دریا آبادی
(۳) انکارٹا انسائیکلو پیڈیا
(۴) انسائیکلو پیڈیا پاکستانیکا
(۵) وکی پیڈیا
(۶) عہد قدیم وجدید
(۷) اسلام کا نظام اکل وشرب وفلسفہ حلال وحرام
(۸) نباتات قرآن، اقتدار حسین
(۹) باٹنی فار بی ایس سی، جاوید اقبال مغل
(۱۰) اے ٹیکسٹ بک آف باٹنی، تنویر احمد ملک
(۱۱) پھلوں اور سبزیوں کے خواص، حکیم عبداللہ
(۱۲) تفسیر عثمانی